Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر	مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۹ جمادی الاول ۱۳۵۹ھ مطابق ۱۵ جون ۱۹۴۰ء	جلد ۵۲

حصۂ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱	منظوری توسیع مدت ڈیپوٹیشن مسٹر ابو محمد صاحب صدیقی اسپیشل منیجر	۲
۲	" " بحالی ملازمت عالی مرتبت مسٹر آر۔ ایچ۔ سالوے صاحب ریونیو و فنانس منسٹر بہادر	"
۳	" اضافہ گریڈ مسٹر صدیق علی خاں صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر	۳

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۲ر اپریل ۱۹۳۲ء

بموجب رپورٹ۔ مسٹر ابو محمد صدیقی صاحب اسپیشل منیجر کی مدت ڈیپوٹیشن میں مزید ایک سال کی توسیع بشرائط موجودہ منظور ہے سب کاغذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

عالیمرتبت صاحب ریوینو منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ مسٹر ابو محمد صدیقی صاحب اسپیشل منیجر کی مدت ڈیپوٹیشن ۸ر جون ۱۹۳۲ء کو ختم ہو جائیگی۔ انکی خدمات بسلسلہ اسکیم علاقہ خام پسندیدہ ہیں لہذا مدت ڈیپوٹیشن میں مزید ایک سال کی توسیع بشرائط موجودہ قابل منظوری ہے۔ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ یکم اپریل ۱۹۳۲ء میں ختم مدت سابقہ سے ایک سال کی توسیع بشرائط موجودہ منظور فرمائے جانے سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہذا تجویز مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری تجویز معروضہ بالا شرف نفاذ پائے

زیادہ حد ادب دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

فدوی دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۲ر اپریل ۱۹۳۲ء

حکم

گورنمنٹ سے منظوری موصول ہو گئی۔ سررشتہ صدارت احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعد اجرائے احکام اصل کاغذات واپس دار الانشاء رکھے جائیں۔ اور ایک نقل سررشتہ صدارت سے بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

۱۲ر جون ۱۹۳۲ء

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم:- واقع ۹ر جون ۱۹۳۲ء

بموجب رپورٹ عالیمرتبت مسٹر آر۔ ایچ۔ سالوے صاحب ریوینو و فائنانس منسٹر بہادر کی مدت ملازمت میں ۲۵ر اکتوبر ۱۹۳۲ء سے ایک سال کی توسیع بشرائط موجودہ منظور ہے سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

عالیمرتبت مسٹر آر۔ ایچ۔ سالوے صاحب ریوینو و فنانس منسٹر بہادر کی مدت ملازمت میں دو سال کی توسیع کے بارہ میں گورنمنٹ سے مراسلت کی گئی۔ عالیجناب صاحب ریزیڈنٹ بہادر نے تحریر فرمایا ہے کہ ہز ایکسیلنسی گورنر بہادر بالقابہ نے ایک سال کی توسیع منظور فرمائی ہے

ز تنخواہ مستدعی ہے کہ عالیمرتبت مسٹر سالوے صاحب کی بہت ملازمت میں بشرائط موجودہ ۲۵؍اکتوبر ۱۹۴۰ء سے ایکسال کی توسیع کا حکم منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب دولت و اقبال جاوید باد

عرض

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۹؍جون ۱۹۴۰ء

حکم:- واقع ۹؍جون ۱۹۴۰ء

بموجب رپورٹ مسٹر صدیق علی خاں صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر کا اضافہ گریڈ پندرہ روپیہ ماہوار از یکم مئی ۱۹۴۰ء منظور ہے سر رشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض

جناب عالی   پیر سائنہ

عالیمرتبت صاحب چیف کمانڈنٹ و ملٹری سکریٹری بہادر نے صاحب سکریٹری بہادر ہاؤس ہولڈ کی تنخواہ میں یکم مئی ۱۹۴۰ء سے پندرہ روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ کی منظوری کے لئے تحریک کی ہے۔
سیف فنانس کی رپورٹ ہے کہ مسٹر صدیق علیخاں صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر کو آخری اضافہ گریڈ یکم مئی ۱۹۳۹ء کو مل چکا ہے اور موجودہ تنخواہ چار سو پانچ روپیہ ماہوار ہے یکم مئی ۱۹۴۰ء سے پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ گریڈ پانے کے مستحق ہیں کاغذات ذریعہ عرضداشت بحضور انور در شرف پیش ہیں۔ ز تنخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری اضافہ گریڈ پندرہ روپیہ ماہوار از یکم مئی ۱۹۴۰ء شرف نفاذ پائے۔
زیادہ حد ادب دولت و اقبال جاوید باد

عرض

ز تنخواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۹؍جون ۱۹۴۰ء